SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VI مجریہ ۲۰۱۰
SINDH ACT NO.VI OF 2010
سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۰
THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ACT, 2010
(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید
(Sections) دفعات
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی دفعہ 179-A کی ترمیم
Amendment in Section 179-A of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001
۳۔ منسوخی
Repeal

سندھ ایکٹ نمبر VI مجریہ ۲۰۱۰
SINDH ACT NO.VI OF 2010
سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۰
THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ACT, 2010

[۱۴ اپریل ۲۰۱۰]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں ترمیم کی جائے گی۔

(Preamble) تمہید

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں

ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛
اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۰ کہا جائے گا۔
(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی دفعہ 179-A کی ترمیم
Amendment in Section 179-A of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001

۲۔سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ کی دفعہ 179-A میں، ذیلی دفعہ (۳) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:
"(۳) حکومت سول سرونٹس میں سے بشمول لوکل گورنمنٹ ڈپارٹمنٹ کے ملازمین، سندھ سرکار کے ملازمین اور سندھ کاؤنسلس یونیفائیڈ گریڈوں کے عملداروں میں سے ایڈمنسٹریٹر مقرر کرے گی، جو اپنی ذمیداریاں سرانجام دیں گے اور اپنی متعلقہ لوکل گورنمنٹ میں ناظمین کے اختیارات استعمال کریں گے، تب تک جب تک نئے منتخب ناظمین اپنے عہدوں کا حلف اٹھائیں۔
بشرطیکہ ضلعہ حکومت کے سلسلے میں ایڈمنسٹریٹر بنیادی اسکیل ۱۹ اور اس سے زائد والے افسران میں سے مقرر کیئے جائیں گے اور تعلقہ اور ٹاؤن ایڈمنسٹریشنز کے سلسلے میں بنیادی اسکیل ۱۷، ۱۸ اور اس سے زائد والے افسران میں سے مقرر کیئے جائیں گے۔
بشرطیکہ مزید یہ کہ حکومت عوامی مفاد میں کسی ایڈمنسٹریٹر کا تبادلہ کر سکتی ہے یا بد چلت کی بنیاد پر اس کے خلاف کارروائی کر سکتی ہے اور اس کی جگہ پر دوسرا عملدار مقرر کر سکتی ہے۔

منسوخی
Repeal

۳۔سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۱۰ کو منسوخ کیا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا